وموسى عصاه من عصاكا استمدت	وكنت في موسى في مناجاة ربه

ثم قال شيخنا فكلام الجيلي هذا مستند في الحقيقة الى من انغمس فيه الجيلي وفني فيه
وهو النبي صلى الله عليه وسلم لانه هو وسيلة المرسلين وسائر المقربين وبما قرر
شيخنا يفهم معنى قول الشبلي لتلميذه اشهد اني محمد رسول الله فوافقه تلميذه فيما
قال ومثل هذا كثير عنهم . وفي المواقف الروحية للعلامة الهمام الامير سيدنا
عبد القادر بن محي الدين المذكور سابقا ما نصه كنت مغرما بمطالعة كتب القوم
رضي الله عنهم منذ الصبا غير سالك طريقهم فكنت في اثناء المطالعة اعثر على
كلمات تصدر من سادات القوم واكابرهم يقف منها شعري وتنقبض منها
نفسي مع ايماني بكلامهم على مرادهم لانني على يقين من آدابهم الكاملة
واخلاقهم الفاضلة وذلك كقول عبد القادر الجيلي رضي الله عنه معاشر الانبياء
اوتيتم اللقب واوتينا ما لم تؤتوه وقول فلان وقول فلان الخ وكل ما قاله المؤولون
لكلامهم لم تسكن اليه النفس الى ان من الله تعالى علي بالمجاورة بطيبة المباركة
فكنت يوما في الخلوة متوجها لذكر الله تعالى فاخذني الحق تعالى عن العالم وعن نفسي
ثم ردني وانا اقول لو كان موسى بن عمران حيا ما وسعه الا اتباعي على طريق الامتثال
لا على طريق الحكاية فعلمت ان هذه القولة من بقايا تلك الاخذة واني كنت فانيا
في رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم اكن في ذلك الوقت فلانا وانما كنت محمدا
والا لما صح لي قول ما قلت الا على وجه الحكاية عنه صلى الله عليه وسلم وكذا
وقع لي مرة اخرى في قوله صلى الله عليه وسلم انا سيد ولد آدم ولا فخر وحينئذ
تبين لي وجه ما قال هؤلاء السادة اعني ان هذا انموذج ومثال لا اني اشبه حالي
بحالهم حاشاهم ثم حاشاهم ثم حاشاهم فان مقامهم اعلى واجل وحالهم
اتم واكمل اه **المبحث الرابع** قول الشيخ سيدي عبد القادر كل رجال الحق اذا
وصلوا الى القدر امسكوا الا انا وصلت اليه وفتح لي منه روزنة فنازعت اقدار
الحق بالحق للحق والرجل هو المنازع للقدر لا الموافق له اه فقرره الشيخ البوني المتبحر

بسم الله الرحمن الرحيم

وصلى الله وسلم على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم

السيف الرباني

في عنق المعترض على الغوث الجيلاني رضي الله عنه

تصنيف

العلامة محمد المكي بن سيدي مصطفى بن محمد بن عزوز البرجي

(١٢٧٠ – ١٣٣٤ هـ)
(١٨٥٤ – ١٩١٥ م)

المطبعة الرسمية التونسية

١٣١٢
سنة هجرية

اور گو اس زمانے میں دوسرے مشائخ بھی ہوں اور انہی اوصاف کاملہ سے متصف بھی ہوں، مگر میرا منزلِ مقصود پر پہنچنا اسی ایک کی بدولت ہوگا۔ سو توحید مطلب سلوک کا بڑا رکن ہے اور جس کو یہ حاصل نہ ہوگا وہ پراگندہ و پریشان اور ہر جائی بنا پھرے گا۔ اور کسی جنگل میں بھٹکتا ہُوا کیوں نہ ہلاک ہو جائے حق تعالےٰ کو بھی اس کی مطلق پرواہ نہ ہوگی۔ پس مشائخ زمانہ میں ہر شخص کے متعلق یہ سمجھنا کہ یہ بھی میری پیاس بُجھا کر مطلب تک پہنچا سکتا ہے سلوک کے لئے مضر ہے، بلکہ جس طرح حق ایک اور قبلہ ایک ہے اسی طرح راہبر شیخ بھی ایک ہی کو سمجھے ورنہ بربادی کے سوائے کچھ حاصل نہ ہوگا اور اسی پراگندگی میں بتھیرے تباہ ہو گئے ہیں۔ سو اگر اس کا وسوسہ بھی آیا کہ عالم میں اس شیخ کے علاوہ کوئی دوسرا بھی مجھ کو مطلب پر پہنچا سکتا ہے تو ضرور شیطان اس پر قبضہ جمائے گا اور لغزش میں ڈال دے گا۔

اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ شیطان کسی پیر کی صورت بن کر آئے گا اور (چونکہ اس کا ضعیف قلب ہر شیخ کی طرف راہبری کا یقین کر لیتا ہے اس لئے شیطان کو پیر بنا ہُوا دیکھ کر اس کی طرف بھی جُھکے گا اور وہ اس پر اپنا رنگ جما کر ایسا تسلط کرلے گا کہ پھر چھٹکارا مشکل ہے) غرض اس کو تباہ کر دے گا اور ایسے شُعبدے دکھلائے گا کہ اس کا عقیدہ باطل پر جما دے گا۔ اور چونکہ توحید مطلب حاصل ہونے پر شیطان کو راہ نہیں ملتی اور وہ اس کے شیخ کی صورت بن نہیں سکتا۔ کیونکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "شیخ اپنے مریدوں میں ایسا ہے جیسے نبی اپنی اُمت میں" اس کے علاوہ آپؐ نے اپنی اُمت کے عُلماء کو بنی اسرائیل کے انبیاء کے مثل فرمایا ہے پس شیطان لعین جس طرح جناب رسالت مآب صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی شکل نہیں بن سکتا چنانچہ آپؐ فرماتے ہیں:-

من رانی فقد رانی فان شیطان لا یتمثل بی ۔ "جس شخص نے خواب میں مجھے دیکھا اس نے واقعی مجھ ہی کو دیکھا کیونکہ شیطان میری شکل ہرگز نہیں بنا سکتا"۔

اسی طرح شیطان متبع شریعت محمدیہ شیخ کی صورت بھی نہیں بنا سکتا۔ پس مرید محفوظ رہتا

ارشاد الملوک ترجمہ امداد السّلوک ماخوذ از رسالہ مکّیہ
یعنی

امداد السّلوک اردو

تصوف و اخلاق کی معروف بلند پایہ کتاب

مُصنّف

حضرۃ شیخ قطب الدّین دمشقی نوّر اللہ مرقدہ

مُؤلّف

امامِ ربّانی حضرۃ مولانا رشید احمد گنگوہی قُدّس سرّہ

دارُ الکتاب دیوبند

مکتوب ۳۰۱
سیصد و یکم

مولانا امان اللہ کی طرف صادر فرمایا ـــــ قربِ نبوت اور قربِ ولایت اور ان راہوں کے بیان میں جو قربِ نبوتؐ تک پہنچانے والی ہیں اور اس کے مناسب بیان میں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حمد و صلوٰۃ کے بعد میرے فرزند مولانا امان اللہ[1] کو معلوم ہو کہ نبوت سے مراد وہ قربِ الٰہی ہے جس میں ظلیت کا کچھ بھی شائبہ نہیں۔ اس قرب کا عروج حق جل و علا کی طرف رُخ رکھتا ہے، اور اس کا نزول مخلوق کی طرف۔ یہ قرب بالاصالت انبیا علیہم الصلوات و التسلیمات کے نصیب ہے اور یہ منصب انہی بزرگوں علیہم الصلوات والبرکات کے ساتھ مخصوص ہے۔ نیز یہ منصب حضرت سید البشر علیہ و علیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام پر ختم ہو چکا ہے۔ آنحضرت عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ بھی نزول کے بعد حضرت خاتم الرسل علیہا الصلوٰۃ والسلام کی متابعت کریں گے۔

حاصلِ کلام یہ ہے کہ (جس طرح) متبعین اور خادموں کو اپنے مالکوں کی دولت اور ان کے پس خوردہ سے حصہ حاصل ہوتا ہے (اسی طرح) انبیا علیہم الصلوات والتحیات کی دولتِ قرب سے ان کے کامل متبعین کو بھی حصہ حاصل ہوتا ہے نیز اس مقام کے علوم و معارف اور کمالات سے وراثت کے طریق پر کامل متبعین کو بھی حصہ نصیب ہوتا ہے۔ ع

خاص کند بندۂ مصلحت عام را (عام کے فائدے کو خاص آیا)

پس آنحضرت خاتم الرسل علیہ و علیٰ آلہ و علیٰ جمیع الانبیاء والرسل الصلوات والتحیات کی بعثت کے بعد آپ کے متبعین کو تبعیت و وراثت کے طریق پر کمالاتِ نبوت کا حاصل ہونا آپ علیہ و علیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی خاتمیت کے منافی نہیں ہے، فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ (ترجمہ: پس آپ شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں)۔

اللہ تعالیٰ آپ کو سعادتمند کرے، آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ کمالاتِ نبوت تک پہنچانے والے دو راستے ہیں: ایک وہ راستہ جو مقامِ ولایت کے مفصل کمالات طے کرنے پر موقوف ہے اور ان تجلیاتِ ظلیہ اور معارفِ سکریہ کے حصول پر منحصر ہے جو مرتبہ ولایت کے قرب کے مناسب ہیں، ان

---

[1] آپ کے نام تین مکتوبات ہیں اور آپ کا تذکرہ مکتوب ۲۸۶ پر گزر چکا ہے۔

إِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ إِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا

(یہ تو ایک نصیحت ہے پس جس کا جی چاہے (اس سے) اپنے رب کی طرف راستہ اختیار کرے)

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر می خواست ۔ آخر آمد زپس پردۂ تقدیر پدید

مکتوبات

حضرت مجدد الفِ ثانی

شیخ احمد فاروقی سرہندی قدس سرہ السامی

کے

دفتر اول کے مکتوب ۱ سے ۱۷۱ تک مکتوبات کا

اردو ترجمہ

مترجمہ

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحبؒ

ناشر

ادارۂ مجددیہ : ۲/۵، ایچ ، ناظم آباد ۳، کراچی

علاوہ لوگوں کی اطاعت کرتا رہتا ہوں" سوال ہوا کہ عارف کون ہے؟ فرمایا کہ جو دنیا میں رہ کر بھی اس
سے دور بھاگتا ہے اور خواب میں نہ تو خدا کے سوا کسی کو دیکھے اور نہ کسی پر اپنا راز ظاہر کرے۔ پوچھا
گیا کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی بھی وضاحت فرما دیجئے فرمایا کہ دنیا کو چھوڑ دو تاکہ ان دونوں
چیزوں کا قصہ ہی باقی نہ رہے فرمایا کہ جو معرفت میں غرق ہو کر امر بالمعروف کی شکایت ہوتی ہے اور
بندہ نفس و مخلوق کی اطاعت کے بغیر ہی قرب الٰہی حاصل کر لیتا ہے" کسی نے پوچھا کہ آپ کو یہ مرتبہ
کیسے حاصل ہوئے فرمایا کہ میں نے وسائل دنیاوی کو زنجیر قناعت میں جکڑ کر اور صدق کے صندوق
میں بند کر کے یاس کے دریا میں غرق کر دیا" سوال کیا گیا کہ آپ کی عمر کتنی ہے؟ فرمایا کہ چار
سال اس لیے کہ میں صرف چار سال سے خدا کا مشاہدہ کر رہا ہوں اس سے قبل کے ستر سال محض
قیل و قال میں گزر گئے جن کو عمر میں شمار نہیں کیا جا سکتا۔

عزت : حضرت احمد خضرویہ نے آپ سے کہا کہ ابھی تک مجھ کو مقام نہایت تک رسائی
حاصل نہیں ہو سکی۔ آپ نے فرمایا کہ تم عزت کی انتہا حاصل کرنے کی فکر میں ہو اور وہ باری تعالیٰ
کی صفت ہے جس کو مخلوق حاصل نہیں کر سکتی پھر لوگوں نے پوچھا کہ نماز کی صحیح تعریف کیا ہے
فرمایا کہ جس کے ذریعہ خدا سے ملاقات ہو سکے" لیکن اس سے ملاقات بہت دشوار ہے سوال کیا گیا کہ
آپ بھوکے رہنے کی تعریف کیوں کرتے ہیں' فرمایا کہ اگر فرعون بھوکا رہتا تو کبھی یہ نہ کہتا کہ میں تمہارا رب
ہوں" کہہ کر خدائی کا دعویٰ نہ کرتا فرمایا کہ مغرور اس کو کہتے ہیں جو دوسروں کو کمتر تصور کرے
مغرور کو کبھی معرفت حاصل نہیں ہو سکتی" پھر کسی نے عرض کیا کہ آپ پانی کے اوپر چلنا بہت بڑی
کرامت ہے فرمایا کہ اس میں کوئی کرامت نہیں کیونکہ لکڑی کے چھوٹے چھوٹے تنکے بھی پانی پر
بہتے رہتے ہیں لوگوں نے کہا کہ آپ ہوا میں پرواز کر کے مکہ معظمہ صرف ایک شب میں پہنچ جاتے
ہیں" فرمایا کہ یہ بھی کوئی کرامت نہیں کیونکہ معمولی پرندے بھی ہوا میں پرواز کرتے ہیں اور جادوگر
لوگ تو ایک شب میں تمام دنیا کی سیر کر لیتے ہیں لوگوں نے جوانمردی کے متعلق سوال کیا تو فرمایا کہ میں
نے سو سال کی گوشہ نشینی کے بعد بھی خود کو غاروں میں رہنے والی عورت کی طرح پایا اور جس وقت میں
نے دنیا کو تین طلاق دے کر خدا تعالیٰ سے مل گیا اور خدا سے کہا کہ میرا تیرے سوا کوئی نہیں اور جب
تک تو میرا ہے سب کچھ میرا ہے اور جب اللہ تعالیٰ نے میرے صدق کا مشاہدہ کر لیا تو میرے نفس
کے عیب دور فرما دیئے فرمایا کہ مخلوق نے مجموعی طور پر جتنا خدا کو یاد کیا ہے میں نے تنہا یاد کیا جس
کی وجہ سے خدا نے بھی مجھ کو یاد کیا اور اپنی معرفت سے مجھ کو حیات نو عطا کر دی۔ فرمایا کہ جس کو
اطاعت خداوندی کی نعمت سے نوازا گیا وہ اس نعمت پر فریفتہ ہو کر رہ گیا لیکن میں نے خدا سے

بجائے خدا کے کچھ طلب نہیں کیا فرمایا کہ مجھے جب یہ خیال آیا کہ میں خدا کو دوست رکھتا ہوں تو
غور کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ میں اس کو دوست نہیں رکھتا بلکہ وہ مجھے دوست رکھتا ہے فرمایا کہ
دوسرے لوگوں نے تو مردوں سے علم حاصل کیا لیکن میں نے ایسی زندہ ہستی سے علم سیکھا کہ جس کو
موت ہی نہیں ہے فرمایا کہ جب میں نے نفس کو اللہ کی جانب راغب کرنا چاہا اور وہ راغب نہ ہوا تو
میں اس کو بھی چھوڑ کر خدا کی حضوری میں پہنچ گیا فرمایا کہ جب مجھے آسمان کی سیر کرائی گئی اور عالم
ملکوت میرے مشاہدے میں آ گیا تو مجھے وہاں سے رضا و محبت حاصل ہو گئے فرمایا کہ مجھے یہ مرتبہ اس
لیے حاصل ہوا کہ جس عضو کو رجوع الی اللہ نہ پایا اس سے کنارہ کش ہو کر دوسرے عضو سے کام لیا
فرمایا کہ خدا شناسی کے بعد میں نے خدا کو اپنے لیے کافی سمجھ لیا فرمایا کہ بہت عرصہ سے نماز میں مجھے
خیال آتا ہے کہ میرا قلب مشرک ہے اور اس کو زنار کی ضرورت ہے فرمایا کہ عورتیں مجھ سے اس
لیے افضل ہیں کہ وہ ماہواری کے بعد غسل کر کے پاک و صاف ہو جاتی ہیں لیکن مجھے تمام عمر غسل
کرتے رہنے کی کبھی پاکیزگی حاصل نہ ہو سکی فرمایا کہ اگر پوری زندگی میں مجھ سے ایک نیک کام بھی ہو جاتا
تو میں خوفزدہ نہ رہتا فرمایا کہ اگر روز محشر میں یہ سوال کیا جائے کہ تو نے فلاں کام کیوں کیا تو میں اس کو
بہتر تصور کرتا ہوں کہ یہ پوچھا جائے کہ تو نے فلاں کام کیوں نہ کیا فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے بھیدوں سے
جو واقف ہے اور ہر بھید کی جانب نظر ڈال کر فرماتا ہے کہ میں اس کو اپنی محبت سے خالی پاتا ہوں
اس وجہ کے بعد کہ اپنی محبت میں غرق رکھتا ہوں فرمایا کہ میں نے خواب دیکھا کہ میں خدا کی توحید
سے زیادہ کا طلب گار ہوں۔ لیکن بیداری کے بعد میں نے عرض کیا کہ مجھے تیری توحید سے بڑھ کر
کچھ نہیں چاہیے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سوال کیا کہ کیا تو اہل رکھتے ہو" میں نے عرض کیا کہ جو
[illegible] واقف ہو فرمایا گیا کہ خود کو چھوڑ کر چلے آؤ فرمایا کہ لوگ مجھے اپنا جیسا خیال کرتے ہیں حالانکہ
عالم غیب میں میرے اوصاف کا مشاہدہ کر لیں تو مر جائیں کیونکہ میں ایک ایسے سمندر کی طرح ہوں
جس کی گہرائی کی نہ ابتدا ہے نہ انتہا ہے۔

عرش کی حقیقت کے متعلق کسی نے آپ ہی سوال کیا تو فرمایا کہ عرش تو میں خود ہوں پھر
کرسی کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا۔ کہ کرسی بھی میں خود ہوں' پھر قلم کے متعلق بھی یہی
فرمایا۔ اس کے بعد سائل نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے تو اور بھی بہت سے مقرب بندے ہیں مثلاً حضرت
ابراہیم اور حضور محمد ﷺ اس پر بھی آپ نے یہی فرمایا کہ وہ بھی میں ہی ہوں پھر سائل نے ملائکہ
کے متعلق پوچھا تو جب بھی یہی فرمایا کہ وہ بھی میں ہی ہوں' یہ جواب سن کر جب وہ خاموش ہو گیا تو
آپ نے فرمایا کہ حق میں فنائیت کے بعد تمام چیزوں کو اپنی ہی ہستی میں ٹھہرایا ہوں اس لیے کہ حق

تذکرۃ الاولیاء

لاختلال دينهم بالتحريف وأنواع الضلالات مع ادعائهم انه من عند الله (وانه لا يبعث (نبي بعده) ولكن رسول الله وخاتم النبيين (و) اذا ثبت أنه خاتم الانبياء ثبت أنه (لا تنسخ شريعته) بل شريعته ناسخة لجميع الاديان (و) أجمع المسلمون على (أنه أفضل الانبياء) كيف لا (وأمته خير الامم) قال الله تعالى كنتم خير أمة الآية وتفضيل الامة من حيث انها أمة تفضيل للرسول الذي هم أمته (واختلفوا في الافضل بعده فقيل آدم) عليه السلام لكونه أبا البشر (وقيل ابراهيم) عليه السلام لزيادة توكله واطمئنانه (وقيل موسى) عليه السلام لكونه كليم الله (وقيل عيسى) عليه السلام لكونه روح الله تعالى وقيل نوح عليه السلام لطول عبادته ومجاهدته (ودل الكتاب على معراجه) صلى الله عليه وسلم (الى المسجد الاقصى واجماع القرن الثاني على أنه في اليقظة وبالجسد) ولو كان دعوى النبي

بواجب حينا آخر فلا تناقض سواء كان الواجب مؤقتا أو أبدا وأجيب بأن الكلام في الحكم فليتأمل (قوله وانه لا يبعث نبي بعده) اشارة الى دفع مايقال ان عيسى حي بعد نبينا عليهما السلام حيث رفع الى السماء وينزل الى الدنيا فلا يكون صلى الله عليه وسلم خاتما وحاصل الدفع أن معنى كونه خاتم النبيين هو أنه لا يبعث بعده نبي آخر بشريعة أخرى فان عيسى عليه السلام انما ينزل على شريعة نبينا ولا يسعه الا اتباعه (قوله وتفضيل الامة من حيث انها الخ) اشارة الى دفع مايتوهم أن لا نسلم ان خيرية الامة تدل على خيرية نبيهم لجواز أن تكون راجعة الى نفسهم وحاصل الدفع أن اضافة الخير الى الامة ظاهرة في الخيرية من حيث كونهم أمة له صلى الله عليه وسلم فتدل على خيريته صلى الله عليه وسلم فحينئذ قوله صلى الله عليه وسلم لاتفضلوني على يونس بن متى ونحوه لعله تواضع منه كما هو عادته صلى الله عليه وسلم (قوله لزيادة توكله واطمئنانه) أقول هذا تعليل لايلائم قوله في الآية ولكن ليطمئن قلبي فتدبر جدا (قوله لكونه روح الله) وكلمته ألقاها الى مريم مع أنه حي في السماء لكن ينبغي أن يعلم أن كون نبينا صلى الله عليه وسلم ميتا في الارض أنفع للامة من كونه حيا في السماء حيث

لفخر الدين والملة

الشيخ عبد القادر السنندجي الكردستاني

مع حاشية المحاكمات

للشيخ محمد وسيم الكردستاني

وحواشي متفرقة لبعض الأفاضل

للمحقق السيد الشريف علي بن محمد الجرجاني

المتوفى ٨١٦هـ

ويليه حاشيتي السيالكوتي والحلبي

الناشر

المكتبة الأزهرية للتراث

٩ درب الأتراك خلف الجامع الأزهر الشريف

الناشر

الجزيرة للنشر والتوزيع

٩ درب الأتراك خلف الجامع الأزهر الشريف - ت: ٢٥١٢٠٨٤٧

ازالہ خاتم النبیین کے معنی یہ ہیں کہ آپ کے بعد کوئی نبی پیدا نہ ہوگا جیسے آخری اولاد اور آخری بیٹے کے یہ معنی ہیں کہ اس کے بعد کوئی بیٹا پیدا نہیں ہوا، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ سے پہلے پیدا ہوئے اور آپ سے پہلے پیغمبر ہوئے۔ البتہ مرزا صاحب آنحضرت صلی اللہ علیہ السلام کے بعد پیدا ہوئے لہٰذا مرزا صاحب کا وجود تو ختم نبوت کے منافی ہوگا لیکن حضرت عیسیٰ کا نزول ختم نبوت کے معارض نہ ہوگا۔

حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں بہت سے پیغمبر پیدا ہوئے مگر سب سے اخیر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے جیسا کہ ایک حدیث میں ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام آسمان سے زمین پر اترے اور یہاں آکر دل گھبرایا تو حضرت جبریل نے اذان دی اور اس میں اشھد ان محمد رسول اللہ کہا تو حضرت آدمؑ نے حضرت جبریلؑ سے پوچھا کہ محمدؐ کون ہیں تو یہ جواب دیا:

آخر ولدک من الانبیاء (رواہ ابن عساکر) پیغمبروں میں آپکے آخری بیٹے ہیں۔

یعنی آپ کی اولاد میں سب سے آخری نبی آپ پیدا ہوں گے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ سے پہلے نبی ہو چکے البتہ ان کی عمر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ طویل ہوئی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے صدہا سال پہلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ آسمان پر اٹھائے گئے اور ابھی زندہ ہیں۔ اخیر زمانہ میں امت محمدیہ کا ایک مجدد ہونے کی حیثیت سے نازل ہوں گے نبی ہونے کی حیثیت سے نزول نہ ہوگا۔ نزول کے بعد اپنی نبوت و رسالت اور اپنی کتاب یعنی انجیل اور اپنی شریعت کی طرف سے کسی کو دعوت نہیں دیں گے بلکہ خاتم النبیین کا نائب بن کر لوگوں کو خالص قرآن و حدیث کے احکام پر چلائیں گے اور خود بھی شریعت محمدیہ کے اتباع اور

ختمِ نبوّت

حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ

ادارۂ اسلامیات ○ لاہور

نہیں پڑے گا۔ آخر عالم بشریت کے ابتدائی دور میں تمام انسان جن میں انبیاء کرام بھی شامل ہیں، جسم وضخامت اور قد و قامت میں مابعد کے زمانوں کے لحاظ سے یقیناً بڑے اور طویل وعریض ہوتے تھے۔ آدم علیہ السلام کا قد و قامت اپنے ہاتھ کی پیمائش سے سے ساٹھ ہاتھ لمبا اور سات ہاتھ چوڑا تھا۔ یہی حال نوح علیہ السلام اور حضرت ہود و صالح علیہما السلام کے قد و قامت کا تھا۔ سیر کی روایتوں میں ہے کہ اس دور کے بعض انبیاء کا جسم مبارک قبر کھلنے سے کھل گیا تو ان کی ناک کی پیمائش ایک گز نکلی۔ جیسے حسب تصریح اہل نجوم بہت سے ستارے جسم وضخامت میں آفتاب سے بڑے ہیں مگر فیض نور میں سب اس کے محتاج ہیں۔ ایسے ہی اگر بہت سے انبیاء علیہم السلام قد و قامت میں یا اپنی کسی جزوی خصوصیت میں حضور سے زیادہ ہوں تو اس سے نورِ نبوت میں حضور سے اسکا استغنایا اُن کی برتری حضور پر ثابت نہیں ہو سکتی اور جب یہ صورت ہے تو حضور کی شان محض نبوت ہی نہیں نکلتی، بلکہ نبوت بخشی بھی نکلتی ہے کہ جو بھی نبوت کی استعداد پایا ہوا فرد آپ کے سامنے آگیا نبی ہوگیا اور اس طرح نورِ نبوت آپ ہی سے چلا اور آپ ہی پر لوٹ کر ختم ہوگیا اور یہی شان خاتم کی ہوتی ہے کہ اسی سے اس کے وصف خاص کی ابتدا بھی ہوتی ہے اور اسی پر انتہا بھی ہو جاتی ہے۔ اس لئے ہم آپ کو وصف نبوت کے لحاظ سے صرف نبی ہی نہیں کہیں گے بلکہ خاتم النبیین کہیں گے کہ آپ ہی پر تمام انوارِ نبوت کی انتہا ہے۔ جس سے آپ منتہائے نبوت ہیں۔ آپ ہی سے نبوت چلتی ہے اور آخر کار آپ ہی پر عود کر آتی ہے۔ پس آفتاب کی تمثیل سے آفتاب نبوت، نبوت کا مبدا بھی ثابت ہوتا ہے اور منتہا بھی، نبوت میں اول بھی نکلتا ہے اور آخر بھی، فاتح بھی ثابت ہوتا ہے اور خاتم بھی، چنانچہ آپ نے اپنی نبوت کی اولیت کا ان الفاظ میں اعلان فرمایا کہ:-

كُنتُ نَبِيًّا وَّآدَمُ بَيْنَ الرُّوحِ وَالْجَسَدِ۔

میں نبی بن چکا تھا جب کہ آدم ابھی روح وجسم کے درمیان ہی میں تھے۔ (یعنی ان کا خمیر ہی کیا جا رہا تھا اور ان کی تخلیق تکمیل

نه بی‌نیازی خود میدهم خبر به نیاز
که جان جان جهانم دگر نمیدانم

عاشق بی‌خبر منم من نیستم نه من منم — عارف با هنر منم من نیستم نه من منم

سوز دل و جگر منم وحشت پرده در منم — دانش پیشه‌گر منم من نیستم نه من منم

و من منم خطر منم زهر منم شکر منم — نفع منم ضرر منم من نیستم نه من منم

شام منم سحر منم شمس منم قمر منم — در همه جلوه‌گر منم من نیستم نه من منم

اینهمه بحر و بر منم وینهمه خشک و تر منم — قطره منم گهر منم من نیستم نه من منم

شاهد دلربا منم مطرب خوشنوا منم — سمع منم بصر منم من نیستم نه من منم

حسن جمال حق منم عز و جلال حق منم — حشمت و جاه و فر منم من نیستم نه من منم

طوطی شهدریز با منم بلبل نغمه‌خوان منم — روح منم شجر منم من نیستم نه من منم

صوفی باصفا منم بیخود و باخدا منم — اہل دل و نظر منم من نیستم نه من منم

آدم و شیث و نوح و هود و عیسی حقیقتم نمود — صاحب هر عصر منم من نیستم نه من منم

موسی جلوه‌بین منم قاتل فاسقین منم — نور منم بشر منم من نیستم نه من منم

عاصی نعمتی منم احمد هاشمی منم — حیدر و شیر نر منم من نیستم نه من منم

راز و نیاز خود منم سوز و گداز خود منم

إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

الحمد للہ کہ کتاب مستطاب دیوان لاجواب پسندیدہ

حضرات صوفیہ کرام و بزرگان عظام

یعنی

دیوان نیاز بے نیاز

رحمۃ اللہ علیہ

بترتیب جدید و اضافہ و اجازت صاحب سجادہ حضرت قطب عالم

مدار اعظم نیاز بے نیاز حضرت شاہ نیاز احمد صاحب قدس سرہٗ

حسب فرمائش حضرت مولوی محمد مزمل خاں صاحب نظامی نیازی

بماہ جمادی الاول سنہ ۱۳۴۸ ہجری

در مطبع آگرہ اخبار آگرہ مطبوع گردید

بار دوم ایکہزار جلد

الفتوحات المكية

تأليف

الشيخ الإمام خاتم الأولياء أبي بكر محيي الدين
محمد بن علي بن محمد بن أحمد بن عبد الله الحاتمي
المعروف بابن عربي
المتوفى سنة ٦٣٨ هـ

ضبطه وصححه ووضع فهارسه
أحمد شمس الدين

الجزء الأول

منشورات
محمد علي بيضون
دار الكتب العلمية
بيروت - لبنان

تو پھر سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کسی کو افرادِ مقصود بالخلق میں سے مماثل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نہیں کہہ سکتے بلکہ اس صورت میں فقط انبیاء کی افرادِ خارجی ہی پر آپ کی افضلیت ثابت نہ ہوگی، افرادِ مقدرہ پر بھی آپ کی افضلیت ثابت ہو جائے گی بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیتِ محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔ چہ جائیکہ آپ کے معاصر کسی اور زمین میں یا فرض کیجئے اسی زمین میں کوئی اور نبی تجویز کیا جائے۔

بالجملہ ثبوت اثر مذکور دونا مثبتِ خاتمیت ہے، معارض و مخالف خاتم النبیین نہیں جو یوں کہا جائے کہ یہ اثر شاذ بمعنی مخالف روایت ثقات ہے اور اس سے یہ بھی واضح ہو گیا ہو گا کہ حسب مزعوم منکران اثر اس اثر میں کوئی علتِ غامضہ بھی نہیں جو اسی راہ سے انکار صحت کیجئے کیونکہ اول تو امام بیہقی کا اس اثر کی نسبت صحیح کہنا ہی اس بات کی دلیل ہے کہ اس میں کوئی علتِ غامضہ خفیہ قادحہ فی الصحۃ نہیں۔ دوسرے شذوذ تھا تو یہی تھا کہ مخالف جملہ خاتم النبیین ہے اور علت تھی تب یہی تھی، اگر اور کوئی آیۃ یا حدیث ایسی ہوتی جس سے سات سے کم زیادہ زمینوں کا ہونا یا انبیاء کا کم و بیش ہونا یا نہ ہونا ثابت ہوتا، تو کہہ سکتے تھے کہ وجہِ شذوذ یہ ہے۔ مگر آج تک نہ کسی نے ایسی آیت و حدیث سنی نہ مدعیوں نے پیش کی۔ علیٰ ہذا القیاس مضمونِ علتِ قادحہ کو خیال فرمائیے آج تک سوائے مخالفت مضمون مذکور کسی نے کوئی وجہ قادح فی الاثر المذکور پیش نہیں کی اور فقط احتمال بے دلیل اس باب میں کافی نہیں ورنہ بخاری و مسلم کی حدیثیں بھی اس حساب سے شاذ و معلل ہو جاویں گی۔ اور نیز یہ بھی واضح ہو گیا ہو گا کہ یہ تاویل کہ یہ اثر اسرائیلیات سے ماخوذ ہے یا انبیاء الارضین ماتحت سے مبلغ ان احکام مراد ہیں، ہرگز قابلِ التفات نہیں وجہ اس کی یہ ہے کہ باعث تاویلات مذکورہ فقط یہی مخالفت خاتمیت تھی۔ جب مخالفت ہی نہیں تو ایسی تاویلیں کیوں کیجئے جن کو مدلول معنی مطابقی سے کچھ علاقہ ہی نہیں۔

دلیل کے ساتھ بڑوں کی رائے سے اختلاف جائز ہے	باقی رہی یہ بات کہ بڑوں کی تاویل کو نہ مانیے تو ان کی تحقیر نعوذ باللہ

تحذیر الناس

من انکار اثر ابن عباس رضی اللہ عنہ

تالیف

حجۃ الاسلام قاسم العلوم والخیرات حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی نور اللہ مرقدہ

بانی دار العلوم دیوبند (م ۱۲۹۷ھ)

مقدمہ

علامہ ڈاکٹر خالد محمود ڈائریکٹر اسلامک اکیڈمی مانچسٹر

حاشیہ

مولانا حافظ عزیز الرحمٰن ایم اے ایل ایل بی

توضیح بعض عبارات

حضرت مولانا محمد منظور نعمانی دامت برکاتہم

ادارہ العزیز

نزد جامع مسجد صدیقیہ، گلی برف خانہ، سیالکوٹ روڈ، کھوکھر کی۔ گوجرانوالہ

ہے۔ جو سراسر خلاف ہے عقل و نقل کے اور در صورتِ نزول مع النبوۃ کے خاتم النبیین کی مُہر ٹوٹتی ہے بخلاف قادیانی کے نبی و رسول بننے کے، کیونکہ یہ فنافی الرسول ہونے کے باعث نبی و رسول ہونے کا مدعی ہے۔

جواب

فنافی الرسول ہونے کی وجہ سے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نبی و رسول ہونے کا کوئی مستحق نہیں۔ چنانچہ اُوپر لکھا گیا ہے۔ اور عیسیٰ بن مریم کے نزول کی نسبت کہا جاتا ہے کہ نبوت و رسالت کے لیے دو رُخ ہیں۔ یا یُوں کہو بطون و ظہور ہے بطون عبارت ہے اخذ کرنے فیضان سے منجانب اللہ، جس کو خدا کے ہاں مقربین میں سے ہونا لازم غیر منفک ہے۔ اور ظہور عبارت ہے توجہ الی الخلق سے یعنی تبلیغ شرائع و احکام کی۔ اِس ظہور میں تو بسبب تغیر و تبدل شرائع کے انقلاب آسکتا ہے۔ نبی لاحق کی شریعت چونکہ ناسخ ٹھہری نبی سابق کی شریعت کے لیے، تو نبی سابق کو بھی بر تقدیر موجود ہونے اس کے نبی لاحق کی شریعت کے زمانہ میں، اپنا شرع چھوڑ کر شرع لاحق کے ساتھ عمل درآمد کرنا ہوگا۔ چنانچہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر موسیٰ زندہ ہوتا تو اس کو بھی بغیر میری شریعت کے عمل درآمد کرنا جائز نہ ہوتا۔ اور اِس عمل درآمد کے تغیر و تبدل سے وُہ نبوت کا بطون جس کو قربِ الٰہی اور عند اللہ معزز ہونا لازم ہے ہرگز متغیر نہیں ہوتا۔ کیا یہ خیال کیا جاسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے سیدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت المقدس کی طرف نماز پڑھنے کی اجازت دی اور بعد اس کے جب بیت اللہ کی طرف سجدہ کرنے کا حکم فرمایا تو آپ کی نبوت و رسالت میں فرق آگیا یا آپ اس قدر و منزلت سے جو آپ کو پہلے بارگاہِ خداوندی میں حاصل تھی معزول کیے گئے۔ ہرگز نہیں۔

الحاصل بطونِ نبوت مع لازم اپنے کے جو قرب ہے، کبھی انبیاء و رُسل سے زائل نہیں ہوتا بخلاف ظہورِ نبوت و تبلیغ شرائع اپنے کے کہ یہ محدود ہے تا ظہورِ نبوت نبی لاحق کے۔ اور نبوت و رسالت انبیاء سابقہ کا بطون گو کہ دائمی ہے مگر چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دُنیا میں تشریف لانے سے پہلے ان کو ملا ہے لہٰذا خاتم النبیین کی مُہر کو اگر سارے انبیاء دُنیا میں آپ کے بعد آجائیں تو بھی نہیں توڑ سکتے۔ اور یہی مطلب ہے قاضی بیضاوی کا اِس قول سے کہ (مع انہ اٰخر من نبّئ) اِس تشریح سے ناظرین خیال فرما سکتے ہیں کہ نزولِ مسیح کو آیۃ خاتم النبیین کے منافی سمجھنا اور کُل اُمتِ مرحومہ کو بلکہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بھی اِس منافاۃ سے بے خبر خیال کرکے اپنی قرآن دانی پر نازاں ہونا کس حد تک جہالتِ مرکبہ ہے۔

نیز یہ بھی معلوم ہوگیا کہ تنازعہ اِس مسئلہ میں (کہ نزولِ مسیح مع وصف النبوۃ ہوگا یا بدُوں اس کے) تنازعہ لفظی ہے یعنی جنھوں نے مع وصف النبوۃ لکھا ہے مُراد اُن کی بطونِ نبوت کا ہے۔ اور جنھوں نے بدُون النبوۃ کہا ہے انھوں نے ظہورِ نبوت کا لیا ہے۔ مضمون ہذا میں اگر جناب مولوی صاحب[1] ذرا غور فرماویں تو شمس الہدایت کی عبارت مسطورہ ذیل پر معترض نہ ہوں گے۔
(مسیح بن مریم بلکہ کُل انبیاء کی نبوت اور رسالت چونکہ محدود بحدِ ظہورِ نبی پچھلے کے ہوتی ہے۔ شمس الہدایت صفحہ ۸۰ سطر ۲۲)

شمس الہدایت کے اِسی صفحہ ۸۰ کی سطر ۱ میں عبارت ہٰذہٖ بعد نزول در رنگِ آحادِ اُمت ہی اُتریں گے پر جناب موصُوف اعتراض فرماتے ہیں کہ (بعد النزول) اور پھر (اُتریں گے) یہ تکرار کیسا؟ جواباً گذارش ہے کہ عبارت مسطورہ میں (در رنگِ آحادِ اُمت) ظرف لغو ہے متعلق بہ (اُتریں گے) پس (اُتریں گے) مقید ٹھہرا بہ نسبت (نزول) کے۔ اور ظاہر ہے کہ مقید بعد المطلق ہی ہوا کرتا ہے۔ اور بوجہ فرق

---

[1] اِس سے حضرت مؤلف کے بعض معاصرین علماء مُراد ہیں جنھیں شمس الہدایہ کی عبارت سمجھنے میں مغالطہ ہوا۔ ۱۲

روح المعاني

في

تفسير القرآن العظيم والسبع المثاني

لخاتمة المحققين وعمدة المدققين مرجع أهل العراق
ومفتي بغداد العلامة أبي الفضل
شهاب الدين السيد محمود الالوسي البغدادي
المتوفى سنة ١٢٧٠ هـ سقى الله ثراه
صبيب الرحمة وأفاض عليه سجال
الاحسان والنعمة آمين

الجزء الأول

عنيت بنشره وتصحيحه للمرة الثانية باذن من ورثة المؤلف بخط وإمضاء علامة العراق
(المرحوم السيد محمود شكري الألوسي البغدادي)

إدارة الطباعة المنيرية
دار
إحياء التراث العربي
بيروت - لبنان

مصر : درب الأتراك رقم ١

اوروں کے احکام کو وہ توڑ سکتا ہی اُسکے احکام کو اور کوئی نہیں توڑ سکتا اور وجہ اسکی یہی ہوتی ہی کہ اُس پر مراتب عہدجات ختم ہوجاتے ہیں ایسے ہی خاتم مراتب نبوت کے اوپر اور کوئی عہدہ یا مرتبہ ہوتا ہی نہیں جو ہوتا ہی اُسکے ماتحت ہوتا ہی اسلئے اُسکے احکام اوروں کے احکام کے ناسخ ہونگے اُوروں کے احکام اُسکے احکام کے ناسخ نہونگے اور اسلئے یہ ضرور ہی کہ وہ خاتم زمانی بھی ہو کیونکہ اوپر کے حاکم تک نوبت سب حکام ماتحت کے بعد میں آتی ہی اور اسلئے اُسکا حکم اخیر حکم ہوتا ہی چنانچہ ظاہر ہی پارلیمنٹ تک مرافعہ کی نوبت سبھی کے بعد میں آتی ہی یہی وجہ معلوم ہوتی ہی کہ کسی اور نبی نے دعوے خاتمیت نہ کیا گیا تو حضرت محمد رسول اللہ صلعم نے کیا۔ چنانچہ قرآن و حدیث میں یہ مضمون بتصریح موجود ہی سوا آپکے اور آپسے پہلے اگر دعوے خاتمیت کرتے تو حضرت عیسےٰ علیہ السلام کرتے مگر دعویٰ خاتمیت تو درکنار اُنہوں نے یہ فرمایا کہ میرے بعد جہان کا سردار آنیوالا ہی۔ اس سے صاف ظاہر ہی کہ آپ نے اپنی خاتمیت کا انکار کیا بلکہ خاتم کے آنے کی بشارت دی کیونکہ سب کا سردار خاتم الحکام ہوا کرتا ہی اور درصورت مخالفت رائے اُسکے احکام آخری احکام ہوا کرتے ہیں چنانچہ مرافعہ کرنیوالوں کو خود ہی معلوم ہی جب افضلیت محمدی اور خاتمیت محمدی دونوں معلوم ہوگئیں تو اب یہ گذارش ہے کہ فقط افضلیت محمدی کمالات ہی میں واجب التسلیم نہیں بلکہ معجزات میں بھی افضلیت محمدی واجب الایمان ہی اور کیوں نہو معجزات خود آثار کمالات ہوتے ہیں اگر حضرت عیسےٰ علیہ السلام سے مردے زندہ ہوگئے اور حضرت موسےٰ علیہ السلام سے عصائے بے جان اژدہائے جاندار بنگیا تو کیا ہوا رسول اللہ صلعم کے طفیل سے کبھی کا سوکھا کھجور کی لکڑی کا ستون زندہ ہوگیا تفصیل اس اجمال کی یہ ہی کہ ایک زمانہ تک رسول اللہ صلعم جمعہ کے روز اپنی مسجد کے ایک ستون کے ساتھ جو کھجور کا تھا پشت لگا کر خطبہ پڑھا کرتے تھے جب ممبر بنایا گیا تو آپ اُس ستون کو چھوڑکر ممبر پر خطبہ پڑھنے تشریف لائے

وَکَلِمَۃُ اللّٰہِ ھِیَ الْعُلْیَا

الحمد للہ والمنۃ کہ مجموعہ تقریرات اعتراضات المش[illegible]

مباحثہ شاہجہانپور

کہ رئیس المتکلمین جناب سیدنا و مولانا مولوی محمد قاسم صاحب جامع الخیرات مجمع البرکات با پنڈت دیانند
و منشی اندرمن و پادری اسکاٹ مفسر انجیل و پادری نولس صاحبان وغیرہ
در سنہ ۱۲۹۵ ہجری نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بمقام شاہجہانپور کردہ بودند

بماہ جنوری سنہ ۱۸۹۱ع

بمطبع مجتبائی واقع دہلی طبع گردید

انما انا قاسم واللہ یعطی

الحمد للہ والمنة کہ کتاب فیض مستطاب

انتصار الاسلام

محشی و معنون

افاضات مبارکہ قاسم العلوم حضرت مولانا محمد قاسم صاحب

میر محمد کتب خانہ آرام باغ کراچی

طلب آکر ناک رگڑتا ہو اور کوئی بوجہ علم دیگر سر جھکاتا ہے غرض جیسے اُدھر کمالات گوناگوں ہیں۔ ایسے ہی اِدھر احتیاجات بوقلموں ہیں۔ مگر خدا کی صفات کا کوئی ٹھکانا نہیں ایسے ہی بندہ کی احتیاجات کی کچھ انتہا نہیں۔ سو ہر صفت کے مقابل ہیں بالتفصیل یا بالاجمال عجز و نیاز عبادت ہو تو عبادت پوری ہے ورنہ ادھوری۔

خدا کی عبادت کس طرح کرنی چاہیے کہ معتبر ہو

سو بالتفصیل تو اس لئے ممکن نہیں کہ صفات غیر متناہیہ کے مقابلہ میں زمانہ بھی غیر متناہی ہی چاہیئے۔ ہاں بالاجمال ممکن ہو پر اسی شخص سے جو خاتم المراتب ہو۔

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ صفات میں باہم ترتب ہے۔ قدرت کا تعلق ارادہ کے تعلق پر موقوف ہو اور ارادہ کا تعلق علم کے تعلق پر موقوف ہے اور علم کا تعلق نہ ارادہ قدرت کے تعلق پر موقوف ہے اور نہ کسی اور کے تعلق پر موقوف ہو اور پھر یہ توقف ایسا ہو کہ ارادہ و قدرت کا تعلق بے تعلق علم متصوّر نہیں اس لئے یہ کہنا پڑے گا کہ ارادہ و قدرت کا تحقق بھی علم کے تحقق پر موقوف ہے۔ ورنہ باہم تحقق میں استغنا ہوتا تو تعلق میں خواہ مخواہ ضرورت نہ ہوتی۔ رنگ کا تعلق کپڑے کے ساتھ اسی وجہ سے خواہ نخواہ رنگریز کے ہاتھ کے تعلق پر موقوف نہیں یوں بھی کپڑے کا رنگین ہو جانا ممکن ہے۔ اگر ہوا کے باعث ظرف رنگ میں کپڑا جا پڑے تو جب بھی وہی بات ہے جو رنگریز کے ڈال دینے میں ہوتی ہے۔ مگر یہ[۱] ہے تو پھر باہم صفات مذکورہ میں اسی قسم کا فرق ہوگا جس قسم کا دھوپ اور شعاع میں ہوتا ہے یعنی جیسے دھوپ[ف] ایک انتہائی شعاع آفتاب کا نام ہے اور اس سے دھوپ کا تحقق شعاعوں کے تحقق پر موقوف ہے۔ ایسے ہی صفات موقوفہ صفات موقوفہ علیہا سے یہی نسبت رکھتے ہوں گے اور اس وجہ سے فوقیت و تحتیت کے مرتبے باہم پیدا ہو جائیں گے۔ صفات موقوفہ مرتبہ تحتانی میں ہوں گی اور صفات موقوفہ علیہا مرتبہ فوقانی میں اور ادھر مخلوقات میں بایں وجہ کہ ان میں جو کچھ ہے وہ عطائے خدا یعنی ظہور صفات ہے (چنانچہ پہلے عرض کر چکا ہوں) اور پھر فرق قابلیت ہے تو باہم ظہور صفات مذکورہ میں تفاوت ہوگا۔

سو جس میں اس صفت کا زیادہ ظہور ہو جو خاتم الصفات ہو یعنی اس سے اوپر اور صفت ممکن الظہور یعنی لائق انتقال و عطائے مخلوقات نہ ہو۔ وہ شخص مخلوقات میں خاتم المراتب ہوگا اور وہی شخص سب کا سردار اور سب سے افضل ہوگا۔ ایسے شخص سے البتہ بالاجماع عجز و نیاز کامل ادا ہو سکتا ہے۔ کیونکہ ظہور کامل کے لئے قابل میں بھی وسعت کامل چاہیئے وجہ اس کی یہ ہے جب حقیقت ظہور وہ حصول عطا ہو

[۱] یعنی جب آپس میں ایک دوسرے سے استغنا نہیں بلکہ ایک صفت کا تعلق دوسری صفت سے اس طرح ہے کہ اس کے بغیر اس کا پایا جانا ممکن نہیں ۱۲

ف آفتاب کی سب سے آخری اور دور کی شعاع کو دھوپ کہتے ہیں ۱۲

